PUBLICATION NAME :	**Inquilab**
EDITION :	**Delhi**
DATE :	
PAGE :	

انڈیاانٹرنیشنل سینٹر میں 'میگاانٹرنیشنل سمٹ' کاانعقاد

نئی دہلی (اسٹاف رپورٹر) مائیکرو، اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز (ایم ایس ایم ای) وزارت اور انٹرپرینیورشپ ڈیولپمنٹ انسٹی ٹیوٹ کے زیراہتمام راجدھانی دہلی کے انڈیا انٹرنیشنل سینٹر میں 'میگا انٹرنیشنل سمٹ' کا اہتمام کیا گیا۔اس دوروزہ میگا انٹرنیشنل سمٹ میں سنگا پور، پیرو کے مقررین اور ماہرین نے ایم ایس ایم ای کے سیکٹر میں ترقی و چیلنجوں اور ترقی کے مواقع پر تفصیل سے تبادلۂ خیال کیا۔اس موقع پر کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر نرائن رانے نے ملک کی جی ڈی پی میں ایم ایس ایم ای کی اہمیت پرزوردیا۔انہوں نے کہا کہ ایک طویل عرصے سے 'ایم ایس ایم ای' کم سے کم وسائل کے ساتھ ملک کی تعمیر وترقی میں اہم کردار ادا کررہا ہے، یہی نہیں 'ایم ایس ایم ای' اب بھی ملک کے جی ڈی پی میں نمایاں حصہ ڈال رہا ہے۔اس لیے ضروری ہے کہ اسے مزید مضبوط کیا جائے۔

اس سمت میں یقینی طور پر اس شعبے کو مضبوط بنانے کے لیے اہم اجتماعی کوششیں کی گئی ہیں۔ حکومت کی مختلف اسکیموں کو ایم ایس ایم ای کے لیے نئی راہیں کھولنے کی سمت دی گئی ہے۔بھانو پرتاپ سنگھ ورما نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہندوستانی انٹرپرینیورشپ، اسٹارٹ اپس، اختراعات اور ایم ایس ایم سی پر اپنی توجہ کے ساتھ دلچسپ اقتصادی فیصلوں اور حکمت عملی کی وجہ سے آگے بڑھ رہا ہے۔

سمٹ سے مرکزی وزیر نرائن رانے خطاب کرتے ہوئے